پاک امریکہ تعلقات از ڈاکٹر سید اسعد گیلانی، پی، ایچ، ڈی (سیاسیات)
ناشر: محمد عثمان شمسی، تیمین اسلامک پبلشرز، لاہور - بہ اہتمام ادارہ علم و ادب پاکستان۔

ان دنوں "پاکستان امریکہ تعلقات" خاصا اہم موضوع ہیں، اور دانشور اور اخبارات اور سیاسی و مذہبی اکابر، تحریر و تقریر کے ذریعے اپنے خیالات لا رہے ہیں۔ اسعد گیلانی نے خوب کام کیا کہ مختلف اہلِ قلم کی ۳۶ تحریریں یک جا کر دیں، جنہیں پڑھ کر پاک امریکہ تعلقات کے ماضی کے تجربات بھی سامنے آجاتے ہیں۔ اور مستقبل کے لیے اکابر و عوام کے خطوطِ فکر بھی ـــ ۲۰۰ کے قریب صفحات، رنگین دبیز کور، قیمت درج نہیں۔

فصلِ زیاں مجموعہ غزلیات حفیظ الرحمٰن احسن منیجنگ ایڈیٹر سیارہ۔
ناشر: سدا بہار پبلشرز - ۱۷ - اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۳۶ - سفید کاغذ، کتابت و طباعت عمدہ، سرورق آرٹ کارڈ، آرٹ ورک کے ساتھ۔
قیمت ۴۵/- روپے۔

حساس فن کاروں کے لیے جب ناسازگار دور آتے ہیں، دماغ جلنے لگتے ہیں، گلے گھٹ جاتے ہیں، امیدوں کے چراغوں کی لو مدہم ہو جاتی ہے، تیرگی میں مجسمہ ہائے تخریبِ اقدار، تیرہ تلوار لے کر ہر طرف پھیل جاتے ہیں تو ایسی کا بوسی گھٹن میں اصنافِ سخن کے نئے پیرائے نمودار ہو جاتے ہیں۔ گذشتہ دور بے ضمیری کو فصلِ غزل کے بجائے فصلِ زیاں کہہ کر نہ صرف اپج سے کام لیا گیا ہے، بلکہ محسوس کرایا گیا ہے کہ سیاسی، اخلاقی، مالی اور بین الاقوامی لحاظ سے ہم نے زیاں کاری کا دور گذارا ہے۔

ایسی فضا میں غزل حقیقت اور اشاریت کے درمیان کئی مقامات پسند کر سکتی ہے جن میں سے ایک وہ ہے جسے حفیظ احسن صاحب نے برتا ہے اور اس کے متعلق